وزیرِاعظم کا برطانیہ اور مالدیپ دورہ (جولائی 23 – 26، 2025)

جولائی 20، 2025

برطانیہ کے وزیرِاعظم عزت مآب سر کیتھ اسٹارمر کی دعوت پر، وزیرِاعظم جناب نریندر مودی 23 تا 24 جولائی 2025 کو برطانیہ کا سرکاری دورہ کریں گے. یہ وزیرِاعظم مودی کا برطانیہ کا چوتھا دورہ ہوگا

2. اس دورے کے دوران، وزیرِاعظم نریندر مودی برطانوی وزیرِاعظم کیتھ اسٹارمر کے ساتھ بھارت-برطانیہ کے درمیان باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں پر جامع مذاکرات کریں گے. وہ علاقائی اور عالمی اہمیت کے مسائل پر بھی تبادلہ خیال کریں گے. توقع ہے کہ وزیرِاعظم شاہ چارلس سوئم سے بھی ملاقات کریں گے. اس دورے کے دوران، دونوں فریق جامع اسٹریٹجک شراکت داری (CSP) میں پیش رفت کا جائزہ بھی لیں گے، خصوصاً تجارت و معیشت، ٹیکنالوجی و اختراع، دفاع و سلامتی، ماحول، صحت، تعلیم اور عوامی روابط کے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی.

3. اپنے دورے کے مرحلہ دوئم میں، وزیرِاعظم جمہوریہ مالدیپ کے صدر عزت مآب ڈاکٹر محمد معیزو کی دعوت پر جولائی 25 تا 26، 2025 کو مالدیپ کے سرکاری دورہ پر جائیں گے. یہ وزیرِاعظم کا مالدیپ کا تیسرا دورہ ہوگا، اور عزت مآب ڈاکٹر محمد معیزو کی صدارت کے دوران مالدیپ کا پہلا سربراہِ مملکت یا حکومت دورہ ہوگا.

4. وزیرِاعظم مورخہ 26 جولائی، 2025 کو مالدیپ کی آزادی کی 60ویں سالگرہ کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کرینگے. اس دورے کے دوران، وزیرِاعظم عزت مآب ڈاکٹر محمد معیزو سے ملاقات کریں گے اور باہمی دلچسپی والے امور پر تبادلۂ خیال کریں گے. دونوں رہنما اکتوبر 2024 میں صدرِ مالدیپ کے دورۂ بھارت کے دوران اختیار کردہ بھارت-مالدیپ مشترکہ وژن برائے ’جامع اقتصادی و بحری سلامتی شراکت داری‘ پر عملدرآمد میں ہونے والی پیش رفت کا بھی جائزہ لیں گے. یہ دورہ اس اہمیت کی عکاسی کرتا ہے جو بھارت اپنے بحری ہمسایہ مالدیپ کو دیتا ہے، نیز جو بھارت کی 'پہلے پڑوسی' پالیسی اور وژن مہا ساگر میں مسلسل ایک خاص اہمیت کا حامل ملک ہے. ساتھ ہی یہ دورہ دونوں فریقوں کو قریبی دوطرفہ تعلقات کو مزید گہرا اور مضبوط بنانے کا ایک موقع فراہم کرے گا.

نئی دہلی
جولائی 20، 2025